***PRESS RELEASE***

***For Immediate Release***

**SECP unveils roadmap for diversification of non-bank financial sector**

**KARACHI, March 4:** The Securities and Exchange Commission of Pakistan (SECP) here on Monday unveiled the 'Report of Non-Bank Financial Sector (NBFS) Reforms Committee' for public feedback. Prepared by senior SECP officials and leading market professionals, the report contains proposed reforms for the development of the NBF sector in Pakistan.

Mr. Muhammad Ali, the SECP chairman, Governor State Bank, Commissioners, and leading professionals and businessmen from the financial sector attended the ceremony.

Addressing the ceremony, Mr. Ali said that it is imperative that the SECP and the SBP should work in close cooperation for effective and seamless regulation across the financial sector in a globally integrated market.

He said that Pakistan's financial sector is banking centric with the NBF sector accounting only 4.9%—excluding insurance sector—of the financial sector's total assets. This dependence on the banking sector makes our financial system vulnerable to risks through lack of diversification and also restricts the scope of product innovation.

A strong NBF sector will not only promote savings by offering different asset classes to the investors, but will also provide alternative fund raising opportunities to the participants of financial system, Mr. Ali added.

The report highlights that more than 70% of the assets of the financial sector are with commercial banks and only 9% are with the non-banking sector which includes non-banking finance companies (NBFCs), insurance, etc. Out of the remaining assets, around 17% are with the National Savings schemes.

Keeping in view the present composition of financial sector, the report suggests some revolutionary ideas to reform the financial sector. The suggested reforms are aimed at development of an alternate financial system by way of promoting non-bank financial (NBF) sector. It is imperative to diversify the inherent systemic risk and provide different asset classes to promote savings as well as cater to the specific needs of participants through product innovation.

In order to develop NBF Sector, in line with international best practices, the report proposes implementation of the concept of activity based regulatory regime in Pakistan. In terms of the proposed regime, capital market activities of all entities including that of commercial banks and DFIs are to be regulated by the Capital Market Regulator (CMR), i.e., SECP and deposit taking/financing/lending activities of all the financial sector participants would be regulated by the Banking Regulator (BR), i.e., SBP. This recommendation is in contrast with the prevalent concept of entity based regulatory domain in our country.

Other proposed reforms for mutual fund industry include distribution of mutual fund units through the stock exchanges, reduction in the annual regulatory fee provided more than 50% of a funds' net assets are held by retail clients, introduction of concept of expense ratio, introduction of multiple classes of units based on the investment amount, improving the skill set of key personnel such as fund managers by specifying the minimum criteria, etc.

Investment finance services (IFS) is being broken down and redefined as stock brokerage, investment advisory, corporate advisory, securities financing and securities underwriting services and each component of the IFS has been further defined. Flexibility has been offered to an entity to be reclassified as non-bank finance company (NBFC) to obtain either a full scope or limited scope. The suggested regime for IFS outlines a mechanism to transform existing brokerage houses as NBFCs to become part of NBF sector. The inclusion of brokerage services in NBF Sector is expected to open up a new era of licensed activities for brokers including advisory and other ancillary services.

In order to facilitate the launch of the real estate investment trusts (REITs) in Pakistan, the committee has proposed a reduction in REIT fund size to address the issue of capital constraints and allow launching of medium-size REIT projects having better potential for growth and return.

In order to develop non-banking financial services, the committee, in line with best international practices has proposed the implementation of the concept of activity based regulatory regime in Pakistan for cluster one entities. In terms of the proposed regime, capital market activities of all entities are to be regulated by the capital market regulator, i.e. the SECP and deposit taking, financing, lending activities of all the financial sector participants will be regulated by the banking sector regulator, i.e. SBP.

The NBFS reforms committee comprised of leading market professionals and senior SECP officials made an in-depth review of the whole business model and prevalent regime for this sector.

A soft version of this report has been placed on the SECP's website www.secp.gov.pk. To facilitate interactive consultation process a web forum (http://forum.secp.gov.pk/forum.php) has been created. All stakeholders should use this forum to give their feedback on the ideas presented in the report and assist the SECP in reaching definitive conclusion for introducing a business friendly regime for the NBF sector.

SECP

SECURITIES & EXCHANGE COMMISSION OF PAKISTAN

***PRESS RELEASE***

*For Immediate Release*

ایس ای سی پی نے نان بینکنگ فنانشل سیکٹر میں مجوزہ اصلاحات کی رپورٹ رائے عامہ کے لیے پیش کر دی
فنانشل سیکٹر کے فروغ کے لیے ایس ای سی پی اور سٹیٹ بنک کے مابین تعاون کو بڑھانے کی ضرورت ہے۔ محمد علی

کراچی: (4 مارچ۲۰۱۳): سیکورٹیز اینڈایکسچینج کمشن آف پاکستان (ایس ایس سی پی ) نے پاکستان میں نان بینکنگ فنانشل سیکٹر کے فروغ اور سرمایہ کاری کا تحفظ یقینی بنانے کے لیے مجوزہ اصلاحات کی رپورٹ رائے عامہ کے لئے پیش کر دی ہے۔ رپورٹ میں میوچل فنڈز کی سالانہ فیس میں پچاس فیصد تک کمی، رئیل اسٹیٹ انوسٹمنٹ ٹرسٹ کے قیام کے لیے کم از کم سرمائے کی حد میں کمی،ائسٹ مینجمنٹ کمپنیوں کا دائرہ کار بڑھانے کے علاوہ نان بنکنگ فنانشل سیکٹر کے لئے کئی اور دیگراہم اصلاحات کی سفارش کی گئی ہے۔

ایس ای سی پی کے حکام اور فنانشل سیکٹر کے ماہرین پر مشتمل ،نان بینکنگ فنانشل سیکٹرریفارم کمیٹی کی یہ رپور ٹ سو موار کے روزمنقعد ہونے والی ایک تقریب میں سرمایہ کاروں اور عوام کے جائزے کے لیے پیش کی گئی۔ ایس ای سی پی کے چئرمین محمد علی ، کمشنر صاحبان اور فنانشل سیکٹر کی اہم شخصیات نے تقریب میں شرکت کی۔

چئرمین ایس ای سی پی، محمد علی نے اپنے استقبالیہ خطاب میں کہا کہ کیپیٹل مارکیٹ کا فروغ اور سرمایہ کاروں کا تحفظ مضبوط اور جدید ریگولیٹری فریم ورک کے بغیر ممکن نہیں، جس کے لیے سیکورٹیز اینڈ ایکسچینج کمشن آف پاکستان اور سٹیٹ بنک کے مابین تعاون کو بڑھانے کی ضرورت ہے۔ انھوں نے نان بینکنگ فنانشل سیکٹر کا جائزہ پیش کرتے ہوئے کہا کہ نان بینکنگ فنانشل سیکٹر پاکستان کے کل فنانشل سیکٹر کا صرف چار اعشاریہ نو فیصد ہے ۔

انھوں نے کہا کہ بنکوں پر زیادہ انحصار کی وجہ سے کسی بھی ہنگامی صور ت حال میں پاکستان کا بینکنگ سیکٹر دباؤکا شکار ہو سکتا ہے ۔ محمد علی نے کہا کہ پاکستان میں نان بنکنگ فنانشل سیکٹر کا فروغ وقت کی اہم ضرورت ہے تا کہ عوام کو سرمایہ کاری کے لیے بنکوں کے علاوہ دیگر مواقع میسر ہوں اور اس طرح قومی بچت میں بھی اضافہ ممکن ہو۔ چئرمین ایس ای سی پی کا کہنا تھا کہ نان بنکنگ فنانشل سیکٹر میں سرمایہ کاری کا تناسب بڑھا کر انفراسٹکچر کے طویل مدتی منصوبوں کے لیے سرمایہ فراہم کیا جا سکتا ہے۔

ریفارم کمیٹی نے اپنی رپورٹ میں پاکستان کے نان بینکنگ فنانشل سیکٹر کا مکمل جائزہ پیش کیا ہے اور بین الاقوامی تناظر میں اس شعبے کی ترقی اور فروغ کے لیے کمپنیوں کو زیادہ سے زیادہ رعایتیں اور سہولتیں فراہم کرنے کے ساتھ ساتھ انضباتی فریم ورک کو بہتر بنانے کے لیے بھی سفارشات پیش کی ہیں۔ کمشن کی منظور کردہ رپورٹ میں ایسٹ مینجمنٹ کمپنیوں کا دائرہ کار وسیع

**Imran Ghaznavi | Head, Media and Corporate Communications Department/Spokesperson**
Securities and Exchange Commission of Pakistan
NIC Building, 63 Jinnah Avenue, Blue Area, Islamabad – 44000 Pakistan
Direct # +92 51 9206513 Fax # +92 51 9206459 Cell: _+92 333-5116666
Email: imran.ghaznavi@secp.gov.pk
www.secp.gov.pk

کرنے اور چھوٹے سرمایہ کاروں تک رسائی حاصل کرنے کے لیے ائسٹ مینجمنٹ کمپنیوں کا ڈسٹری بیوشن نیٹ ورک وسیع کرنے کے اقدامات تجویز کئے گئے ہیں۔ رپورٹ میں میوچل فنڈز انڈسٹر ی میں سرمایہ کاروں کو میوچل فنڈز کے یونٹوں کی سٹاک مارکیٹ کے ذریعے فروخت اور میوچل فنڈز کی سالانہ فیس میں پچاس فیصد تک کمی کی سفارش کی گئی ہے ۔ ریفارمز کمیٹی نے رئیل اسٹیٹ انوسٹمنٹ ٹرسٹ کو کامیاب بنانے کے لیے ٹرسٹ کے قیام کے لیے کم از کم سرمائے کی حد میں نمایاں کمی کرنے اور رئیل اسٹیٹ سیکٹرمیں چھوٹے منصوبے شروع کرنے کی اجازت دینے کی بھی سفارش کی ہے۔ ریفارمز کمیٹی نے یہ بھی سفارش کی ہے کہ ہاوزنگ فنانس، لیزنگ اور ایسے تمام شعبے جہاں کمپنیاں عوام سے براہ راست ڈیپازٹ وصول کرتی ہیں، کو سٹیٹ بنک کے ریگولیٹری فریم ورک میں شامل کیا جائے۔

نان بنکنگ فنانشل سیکٹر ریفارمز کمیٹی کی رپورٹ سرمایہ کاروں کے جائزے اور تجاویز کے لیے ایس ای سی پی کی ویب سائٹ پر موجودہے۔ سرمایہ کار اور دلچسپی رکھنے والے افراد ایس ای سی پی کی ویب سائٹ پر موجود ویب فورم کے ذریعے بھی کمیٹی کے رپورٹ پر تجاویز اور آراء کا اظہار کر سکتے ہیں۔

ٹکر:
1۔ ایس ای سی پی نے نان بینکنگ فنانشل سیکٹر میں مجوزہ اصلاحات کی رپورٹ جاری کر دی
2۔ رپورٹ میں میوچل فنڈز کی سالانہ فیس میں پچاس فیصد تک کمی کرنے کی تجویز دی گئی ہے: ایس ای سی پی
3۔ رئیل اسٹیٹ انوسٹمنٹ ٹرسٹ کے قیام کے لیے کم از کم سرمائے کی حد میں کمی کی جائے، ریفارمز کمیٹی کی سفارش
4۔ ائسٹ مینجمنٹ کمپنیوں کا ڈسٹری بیوشن نیٹ ورک وسیع کرنے کے اقدامات کئے جائیں، ریفارم کمیٹی کی سفارشات
5۔ فنانشل سیکٹر کے فروغ کے لئے ایس ای سی پی اور سٹیٹ بنک کے مابین تعاون کو بڑھایا جائے۔ چئرمین ایس ای سی پی محمد علی
6۔ نان بنکنگ فنانشل سیکٹر ریفارمز کمیٹی کی رپورٹ سرمایہ کاروں کے جائزے کے لئے ایس ای سی پی کی ویب سائٹ پرموجودہے۔

**Imran Ghaznavi | Head, Media and Corporate Communications Department/Spokesperson**
Securities and Exchange Commission of Pakistan
NIC Building, 63 Jinnah Avenue, Blue Area, Islamabad – 44000 Pakistan
Direct # +92 51 9206513Fax # +92 51 9206515 Cell: _+92 333-5116666
Email: imran.ghaznavi@secp.gov.pk
www.secp.gov.pk